Session 15th Session

No 1490

Date 02-11-2020

Department Revenue

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 1490

منجانب: سردار خان رکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ مال کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ریاست سوات میں 1925 سے لیکر 1982 تک چھوٹے چھوٹے جنگلات کے اندر آبادی اور زرعی زمینیں مقامی لوگوں کو دی گئی تھی اور ریونیو ریکارڈ کے مطابق ہر کمپارٹمنٹ میں نام مشترکہ درج ہے جسمیں بعض لوگوں نے مالکانہ حقوق ریاست سوات سے لیکر یعنی 1925 سے لیکر 1982 تک رجسٹری کروائی تھی جس کے سٹامپ پیپر پر فیس تحصیلوں میں اور لوگوں کے پاس بھی موجود ہیں لہذا صوبائی حکومت مذکورہ زر خرید زمینوں کے مالکانہ کو ریونیو ریکارڈ اور سٹامپ پیپر کے مطابق افراد کو ملکیتی فراہم کی جائے تاکہ وہاں پر حالات خراب نہ ہوں اور یہ مسئلہ انضمام و تقسیم سے حل ہو سکے۔